**17-10-2024**

**1350 hrs.**

**HL-Opening**

**آداب**

**یہ آکاشوانی ہے**

**خبروں کے ساتھ میں محمد فیصل خان**

**Music**

**-----------------------------**

**1 وزیراعظم نریندر مودی نے دنیا کے ملکوں سے اپیل کی ہے کہ وہ مسائل کا حل جنگ سے نہیں بلکہ بھگوان بدھ کی تعلیمات میں تلاش کریں اور امن کی راہ ہموار کریں۔**

**2 BJPکے سینئر لیڈر نائب سنگھ سینی لگاتار دوسری مدت کے لئے آج ہریانہ کے وزیراعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیا۔**

**3 وزیراعظم آج چنڈی گڑھ میں NDA کی حکمرانی والی ریاستوں کے وزراء اعلیٰ اور نائب وزراء اعلیٰ کے ایک کانکلیو کی صدارت کریں گے۔**

**4 سپریم کورٹ نے شہریت سے متعلق قانون کی دفعہ 6 Aکے آئینی جواز کو برقرار رکھا ہے، جو آسام میں تارکین وطن کو بھارتی شہریت حاصل کرنے کی اجازت دیتا ہے۔**

**5 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو تین افریقی ملکوں کے اپنے دورے کے آخری مرحلے میں ملاوی پہنچ گئی ہیں۔**

**6 بھارتی نشانے باز اننت جیت سنگھ نے دلی میں ISSF عالمی کپ کے فائنل میں مردوں کے Skeet مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔**

**7 اور ڈنمارک اوپن بیڈمنٹن میں......**

**آج دوپہر خواتین کے سنگلز پری کوارٹر فائنل میں پی وی سندھو کا مقابلہ چین کی Han Yueسے ہو رہا ہے۔**

**Music**

**اب خبریں تفصیل سے---**

**PM ABHIDHAMMA**

**وزیراعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ بھگوان بدھ کی تعلیمات آج کی دنیا کے لئے نہ صرف اہم بلکہ ضروری ہیں۔ اکیسویں صدی میں بڑھتے ہوئے عالمی عدم استحکام کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعظم نے اقوام متحدہ سے اپنے پیغام کو دوہرایا۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت نے دنیا کو عالمی جنگ نہیں بلکہ بھگوان بدھ دیا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زوردیا کہ دنیا کو**

مسئلے کا حل جنگ میں نہیں بلکہ بھگوان بدھ میں ملے گا۔ انہوں نے دنیا کے ملکوں سے کہا کہ وہ بدھ سے سیکھیں، جنگ کو مسترد کریں اور امن کے لئے راستہ ہموارکریں۔

وزیراعظم آج نئی دلی میں بین الاقوامی Abhidhamma دیوس اور پالی کو کلاسیکی زبان کے طور پر تسلیم کئے جانے سے متعلق ایک تقریب میں اظہار خیال کررہے تھے۔

وزیراعظم مودی نے زور دے کر کہا کہ زبان، ادب، فن اور روحانیت جیسے ثقافتی ستون کسی ملک کی شناخت تیار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک ترقی کی راہ پرگامزن ہے اور اس کی بنیاد خودداری، خود پر یقین اور خود پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت بدلاؤ کے سفر پر چل پڑا ہے، جسے امرت کال کے نام سے جانا جاتا ہے اور جو 2047 میں کمال کو پہنچے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک بھگوان بدھ کی تعلیمات پر عمل کرکے ترقی کی ایک نئی راہ تیارکررہا ہے۔

وزیراعظم مودی نے ملک کے نوجوانوں سے بھی کہا کہ وہ اپنی ثقافت اور اقدار پر فخرکریں اور سائنس وٹکنالوجی میں دنیا کی قیادت کریں۔ پالی زبان کو کلاسیکی زبان کا درجہ فراہم کرنے کے سرکار کے فیصلے کے بارے میں جناب مودی نے کہا کہ زبانیں نہ صرف بات چیت کا وسیلہ ہوتی ہیں بلکہ یہ تہذیب وثقافت کی جان ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پالی زبان کو کلاسیکی زبان کا درجہ دیا جانا بھگوان بدھ کی عظیم وراثت کے تئیں احترام ہے۔

**S/B Modi On Pali Bhasha**

ملک کی شاندار وراثت اور ثقافت کے تحفظ کے سلسلے میں حکومت کی جاری کوششوں کو اجاگرکرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ دنیا کے مختلف ملکوں سے 600 قدیم انسانی ہنر اور صنّاعی کے نمونے اور قدیم یادگارملک واپس لائے گئے ہیں۔

جناب مودی نے کہا کہ Dhamma کا مطلب بھگوان بدھ کے پیغامات اور اصول ہیں۔ انہوں نے کہا کہ Dhamma سبھی بنی نوع انسان کے لئے امن کا راستہ ہے۔

**S/B PM Budha**

Abhidhamma دیوس کے مبارک موقع پر وزیراعظم نے سب کو خاص طورسے بھگوان بدھ کے پیروکاروں کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ آج شردپورنیما کا مقدس تہوار اور مہارشی بالمیکی کا یوم پیدائش ہے۔

پالی کو کلاسیکی زبان کا درجہ دئے جانے کے حکومت کے فیصلے کو کئی ماہرتعلیم اور اسکالر نے سراہا ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے ایک اسکالر ڈاکٹر Bhadant راہل نے اس فیصلے کی یہ کہتے ہوئے تعریف کی کہ اس سے لوگوں میں پالی زبان کے بارے میں بیداری پیدا ہوگی۔

**Bite Dr Bhadant Rarahul**

تاریخ کے طالبعلم چھایا نے بھی پالی کو کلاسیکی زبان کا درجہ دینے کے حکومت کے فیصلے کی ستائش کی۔

**Bite Chhaya**

## HARYANA SWEARING_IN

BJPکے سینئر لیڈر نائب سنگھ سینی نے آج لگاتار دوسری مدت کے لئے ہریانہ کے وزیراعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیا۔ گورنر بندارو دتہ ترے نے انھیں عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ وزیراعظم نریندر مودی اور NDA کے مختلف رہنماؤں نے حلف برداری کی تقریب میں شرکت کی۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ BJP آج والمیکی جینتی کے پوِتر موقع پر تیسری مرتبہ ریاست میں اقتدار حاصل کررہی ہے۔ BJP کے لیڈر نائب سنگھ نے کل BJP قانون ساز پارٹی کا لیڈٹ منتخب ہونے کے بعد گورنر بندارو دتہ ترے سے ملاقات کی تھی اور ریاست میں نئی حکومت تشکیل دینے کا دعویٰ پیش کیا تھا۔x

## NDA CMs CONCLAVE

وزیراعظم نریندر مودی آج چنڈی گڑھ میں قومی جمہوری اتحاد (NDA) کے وزراء اعلیٰ اور نائب وزراء اعلیٰ کے آدھے دن کے ایک کانکلیو کی صدارت کریں گے۔

BJP صدر جے پی نڈّا، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور وزیرداخلہ امت شاہ بھی اِس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ BJP کے ایک بیان کے مطابق نائب سنگھ سینی کے ہریانہ کے وزیراعلیٰ کی حیثیت سے حلف برداری کی تقریب کے فوراً بعد یہ کانکلیو شروع ہوگا۔

اس میٹنگ میں قومی ترقیات کے امور پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ایک ایجنڈہ طے کیا جائے گا۔ اِس کانکلیو میں

Samvidhan ka Amrut Mahotsav منانے کے بارے میں بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

BJP کے پاس فی الحال 13 وزراء اعلیٰ اور 16 نائب وزراء اعلیٰ ہیں جبکہ مہاراشٹر، آندھرا پردیش، بہار، سکم، ناگالینڈ اور میگھالیہ کے وزراء اعلیٰ اتحادی پارٹیوں سے ہیں۔x

## WISHES VALMIKI JAYANTI

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور وزیراعظم نریندر مودی نے مہارشی والمیکی جینتی کے موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر صدر جمہوریہ نے کہا کہ آدی کوی والمیکی کی تصنیف رامائن نے انسانی معاشرے کو بھگوان شری رام کی زندگی سے روشناس کرایا۔ صدر جمہوریہ نے سب پر زور دیا کہ وہ آدی کوی کے بتائے گئے نظریات پر عمل کریں۔

اس موقع پر نائب صدر جمہوریہ نے خواہش ظاہر کی کہ مہارشی والمیکی کے علم، ہمدردی، سچائی اور روادری کے جذبے سے سب کو آشیرواد ملے۔ انھوں نے کہا کہ آدی کوی کی تعلیمات ملک کی رہنمائی کرتی رہیں گی اور معاشرے میں اتحاد اور ہم آہنگی کو برقرار رکھیں گی۔

ایک سوشل میڈیا پر ایک پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ مہارشی والمیکی کے عظیم نظریات لاکھوں افراد کے لئے باعث ترغیب ہیں۔ انھوں نے کہا کہ آدی کوی والمیکی نے رامائن کی تصنیف آئندہ نسل کی رہنمائی کے لئے کی۔ جناب مودی نے کہا کہ مہارشی والمیکی نے مثبت

سوچ پر زور دیا اور خدمت اور انسانی وقار کو اہمیت دی۔ انھوں نے کہا کہ آدی کوی کے مثالی نظریات نئے بھارت کے لئے باعث تحریک ہیں۔x

## SC- CITIZENSHIP ASSAM

آج سپریم کورٹ نے شہریت سے متعلق قانون کی دفعہ A6 کے آئینی جواز کو برقرار رکھا ہے، جس کا تعلق آسام میں غیر قانونی تارکین وطن کو بھارتی شہریت دینا ہے۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کی سربراہی میں پانچ ججوں کی آئینی بینچ نے کہا کہ آسام معاہدہ غیر قانونی نقل مکانی کے مسئلے کا ایک سیاسی حل تھا۔ x

## PRESIDENT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو موریتانیہ کا اپنا دورہ مکمل کرنے کے بعد ملاوی پہنچ گئی ہیں۔ ایک ہفتہ طویل تین افریقی ملکوں کے اُن کے دورے کا یہ آخری مرحلہ ہے۔ ملاوی میں اپنے تین روز کے قیام کے دوران صدر جمہوریہ ملک کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ دو طرفہ میٹنگیں کریں گی اور وہاں بھارتی برادری سے ملاقات کریں گی۔

کل صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے موری تانیہ کے اپنے ہم منصب محمد ولد غزوانی سے دو طرفہ اور وفود سطح کی بات چیت کی تھی۔ باہمی تعلقات کو مستحکم کرنے کے لئے دونوں ملکوں کے درمیان چار مفاہمت ناموں پر دستخط کئے گئے تھے۔ صدر جمہوریہ نے ایک عوامی تقریب میں بھی شرکت کی، جہاں انھوں نے موریتانیہ میں آباد بھارتی برادری سے بات چیت کی۔

اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں صدر جمہوریہ الجیریا گئی تھیں، جہاں انھوں نے اپنے ہم منصب عبدالماجد تِبون کے ساتھ باہمی اور وفود سطح کی بات چیت کی تھی اور راجدھانی Algiers میں بھارتی برادری سے بات چیت کی تھی۔x

## NITI- GADKARI METHANOL

حکومت، ملیشیا سے حاصل کی گئی ٹکنالوجی الٹرا انفورسمنٹ کنکریٹ کے استعمال سے پلوں اور میٹرو کی تعمیر کا خرچ 25 فیصد تک کم کرنے کے لئے کام کررہی ہے۔

نئی دلی میں نیتی آیوگ کی جانب سے منعقدہ عالمی میتھانول کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے وزیر نتن گڈکری نے یہ بات کہی۔ جناب گڈکری نے کہا کہ بایو ڈیزل اور متبادل ایندھن برآمد کرنے کے لئے وسیع امکانات ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ بھارت 22 لاکھ کروڑ روپے کی مالیت کے ساتھ دنیا میں آٹو موبائل کی تیسری سب سے بڑی صنعت ہے، جہاں سبھی اہم عالمی کمپنیاں موجود ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ اس صنعت نے ملک میں تقریباً ایک کروڑ 50 لاکھ نوجوانوں کو روزگار فراہم کیا ہے۔

آج سے شروع ہونے والے دو روزہ عالمی میتھانول سمینار اور نمائش 2024 کا مقصد میتھانول کی پیداوار سے متعلق پروجیکٹوں کی پیش رفت، مصنوعات اور تحقیق و ترقی کے اقدامات، اس کے استعمال اور دنیا بھر میں اُس سے متعلق تکنیکی پیش رفت کو اجاگر کرنا ہے۔ سمینار کی

اصل توجہ عالمی سط پر توانائی کی منتقلی میں میتھانول کے رول اور گرین شِپنگ میں کاربن کے کم سے کم اخراج والے ایندھن کے طور پر میتھانول کے فروغ پر مرکوز رہے گی۔x

## ISSF WC

بھارتی نشانے باز اننت جیت سنگھ نروکا نے نئی دلی میں ISSF عالمی کپ میں مردوں کے Skeet مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ اننت جیت نے پچاس میں کل 43 پوائنٹ حاصل کئے اور تیسرے مقام پر رہے۔ اُن کے ساتھ کھلاڑی معراج احمد خان اس مقابلے میں چھٹی پوزیشن پر رہے۔ دیگر مقابلوں میں آج دوپہر مردوں کے ٹریپ فائنل میں Vivan کپور مقابلہ کریں گے۔ x

## SAFF FOOTBAL

فٹبال میں آج نیپال کے کاٹھمنڈو میں جنوب ایشیائی فٹبال فیڈریشن SAFF خواتین چمپئن شپ 2024 کے اپنے افتتاحی میچ میں بھارت کا سامنا روایتی حریف پاکستان سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام پانچ بجکر 15 منٹ پر شروع ہوگا۔

گروپ A میں بھارت، پاکستان اور موجودہ چمپئن بنگلہ دیش ہیں۔ تمام میچز کاٹھمنڈو کے Dasharath Rangasala اسٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے۔ گروپ B میں میزبان نیپال کے علاوہ، بھوٹان مالدیپ اور سری لنکا ہیں۔

فائنل اِس مہینے کی 30 تاریخ کو کھیلا جائے گا۔ x

## DENMARK OPEN BADMINTON

بیڈمنٹن میں ڈینمارک اوپن کے پری کوارٹر فائنلز میں آج اولمپک میں سونے کا تمغہ جیتنے والی پی وی سندھو کا سامنا چین کی کھلاڑی Han Yue سے ہو رہا ہے۔ اپنے افتتاحی میچ میں سندھو، تائپے کی اپنی حریف کھلاڑی کے کھیل کے درمیان میں چوٹ لگنے کی وجہ سے پورا میچ نہ کھیل پانے کے تناظر میں اگلے دور میں پہنچی تھیں۔ x

*******